# سال 2024 کے لئے نقد عبوری منافع کا اعلان
# اور کتب کی بندش کی اطلاع

ہم انتہائی مسرت کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ آدمجی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 23 اگست 2024 کو منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں 1.00 روپے فی حصص یعنی 10 فیصد کی شرح سے عبوری نقد منافع دینے کا اعلان کیا ہے۔

اس سلسلے میں استحقاق کے تعین کے لئے کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 5 ستمبر 2024 سے 6 ستمبر 2024 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ مذکورہ بالا استحقاق کے مطابق ان حصص داران کو ادائیگی کی جائے گی جن کے نام مورخہ 4 ستمبر 2024 کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں ظاہر ہوں گے۔

**الیکٹرانک طریقے سے نقد منافع کی ادائیگی (ای-ڈیویڈنڈ)**

کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 242 اور 243 کی دفعات کی رو سے تمام لسٹڈ کمپنیاں (بشمول آدمجی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ) اپنے مستحق حصص داران کو صرف الیکٹرانک طریقے سے منافع کی ادائیگی مذکورہ حصص داران کے بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست کرنے کی پابند ہیں۔

**وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی**

وفاقی حکومت کی جانب سے کی گئی ترامیم بذریعہ فنانس ایکٹ 2019 سیکشن 150، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، کی رو سے ایف بی آر کی جانب سے انکم ٹیکس کی شرح الگ الگ متعین کی گئی ہے یعنی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر ہونے والے افراد کے لئے خام منافع کی رقم پر 15 فیصد اور ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر نہ ہونے والے افراد کے لئے 30 فیصد کی شرح سے کٹوتی کی جائے گی۔ مزید بر آں، جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے معاملے میں ٹیکس کٹوتی ان کے متعلقہ تناسب / حصہ، اگر کوئی ہو، جس کی اطلاع حصص داران کی جانب سے شیئر رجسٹرار کو دی جائے گی، کے مطابق کی جائے گی۔ بصورت دیگر ان کی حصص داری / حصہ کو برابر تصور کیا جائے گا۔

**انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت استثناء کے کلیم کے لئے ٹیکس استثناء کے موثر سرٹیفکیٹ کی شرط**

اگر ادارے کے پاس انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 159 کے تحت جاری شدہ ایف بی آر کا موثر استثناء سرٹیفکیٹ موجود ہو یا استثناء سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے کسی متعلقہ عدالت میں ایف بی آر کے خلاف درخواست جمع کرائی ہوئی ہو، تو وِدہولڈنگ ٹیکس منہا نہ کرنے کے لئے موثر استثناء سرٹیفکیٹ کے سلسلے میں موثر استثناء سرٹیفکیٹ کی کاپی، یا فاضل عدالت کے حکم امتناعی کی اصل سرٹیفائیڈ کاپی مع حالیہ عدالتی کارروائی، (اگر کوئی ہو) مورخہ یکم ستمبر 2024 تک جمع کرانا ہو گی۔ موثر ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم دستیاب نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ سیکشنز کے تحت ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

شیئر رجسٹرار
سی ڈی سی- شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس
مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400
فون: 111-111-500
فون: کسٹمر سپورٹ سروسز
080023275 (ٹول فری)

بحکم بورڈ

ارسلان احمد خان
کمپنی سیکرٹری

27 اگست، 2024